


پنجاب لوکل گورنمنٹ اینڈ
کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ

# ای ٹینڈرنگ سسٹم














## کنٹریکٹرز کی رہنمائی کیلئے آگاہی کتابچہ



ہماری حکومت کا اولین منشور کرپشن کا خاتمہ ممکن بنا کر حقیقی معنوں میں ملک کو ترقی کی راہوں پر گامزن کرنا ہے۔اس سلسلے میں وفاقی اور صوبائی سطح پر مثالی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پاکستان کو مکمل طور پر کرپشن فری بنانے کے لیے اداروں میں ہونے والے بدعنوانی کا خاتمہ سب سے اہم ہے اسی ضمن میں تمام اداروں کو ای گورننس سسٹم نافذ کرنے کی خصوصی طور پر ہدایات دی گئی ہیں۔ساتھ ہی ساتھ کاروبار میں آسانی کے لیے ٹیکنالوجی کے رجحان کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے شفافیت اور کاروبار میں عوام کے لیے مزید آسانی پیدا کرنے کے لیے مرحلہ وار اداروں میں ریفارمز لانے پر کام جاری ہے انشاء اللہ اسی تسلسل اور اسی عزم سے ہم ترقی کی نئی منازل طے کرتے رہیں گے۔صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں رشوت اور سفارشی کلچر کا خاتمہ کرتے ہوئے آن لائن ٹینڈرز کا سسٹم متعارف کروانا بھی بدعنوانی سے پاک پاکستان کی جانب ایک بڑھتا ہوا قدم ہے۔

**عمران خان**

وزیراعظم پاکستان



الحمداللہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کی رہنمائی میں صوبہ پنجاب ترقی کے نئے سفر پر گامزن ہے۔عوام کو خدمات کی فراہمی اور شفافیت ہمارا نصب العین ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے ہماری حکومت نے کسی خاص طبقے اور شہر میں ترقیاتی منصوبوں کا آغاز نہیں کیا بلکہ پسماندہ علاقوں کے لیے بھی بہترین ترقیاتی پیکج دیے ہیں۔جس سے عوام کا معیار زندگی بہتر ہوگا اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بھی بہتری آئے گی۔محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے زیر انتظام جاری منصوبے جس میں پنجاب انٹرمیڈیٹ امپروومنٹ انویسٹمنٹ سٹیز پروگرام، پنجاب سٹیز پروگرام، پنجاب رورل سسٹین ایبل اور دیگر پروگرام شامل ہیں، ان میں بھی پسماندہ علاقوں کی ترقی، صاف پانی کی فراہمی، ماڈل سڑکیں اور سیوریج کا جدید نظام شامل ہے۔ترقیاتی منصوبوں میں ہر ممکن شفافیت کے لیے محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے ای ٹینڈرنگ سسٹم متعارف کروانا تاریخی اقدام ہے۔اس اقدام سے نا صرف کرپشن کا خاتمہ ممکن ہوگا بلکہ ٹھیکیداران کے لیے کاروبار میں آسانی کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

**سردار عثمان بزدار**

وزیراعلیٰ پنجاب



عوام کو خدمات کی شفاف فراہمی ہمارا نصب العین ہے۔ اسی عزم کے ساتھ محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے زیر انتظام عوام الناس کے معیار زندگی کو بلند کرنے کیلئے مختلف ترقیاتی اقدام اٹھائے گئے۔ میں بطور وزیر بلدیات اس بات سے مطمئن ہوں کہ موجودہ حکومت کے ویژن کے عین مطابق ادارے میں شفافیت کے فروغ کیلئے کوشاں اور درست سمت کی جانب گامزن ہیں۔ شفافیت، کاروبار میں آسانی اور گورننس نظام میں بہتری کیلئے ای ٹینڈرنگ سسٹم کا نفاذ محکمہ بلدیات کی جانب سے ایک انقلابی قدم ہے جس کی مدد سے صوبائی سطح پر مانیٹرنگ کیلئے مرکزی ڈیش بورڈ کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ای ٹینڈرنگ سسٹم کی بدولت آپ دنیا کے کسی بھی حصے میں بیٹھے ٹینڈرنگ کے عمل کا حصہ بن سکتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ تاریخ میں پہلی بار عوام کی سہولت کیلئے یہ اقدام اپنی مثال آپ ہے۔ جہاں پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ٹھیکیداران کیلئے یکساں مواقع میسر ہوں گے وہیں کاغذی کارروائی اور دفتری عمل سے مکمل نجات ملنے کے ساتھ شفافیت کو فروغ ملے گا۔ مجھے یقین ہے عوام کیلئے شفافیت اور سہولت کا یہ سفر ترقی کی نئی منازل طے کرے گا اور ہم اگلے مرحلوں میں مزید کامیابیاں اپنے نام لکھنے میں سرخرو ہوں گے۔

**میاں محمود الرشید**

وزیر برائے لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ، حکومت پنجاب



محکمہ بلدیات حکومت پنجاب کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے لیے ای ٹینڈرنگ کا نظام نافذ کرنا خوش آئند اقدام ہے۔اس سسٹم کے تحت گھر بیٹھے ٹھکیداران بغیر کاغذی کارروائی کے ٹینڈرنگ کے عمل میں شامل ہو سکتے ہیں۔آن لائن ٹینڈرز کے عمل سے ٹھیکیداری نظام میں موجود کرپٹ عناصر کا محکمہ سے مکمل خاتمہ ممکن ہوگا۔سرکاری ٹھیکوں میں شفافیت اور اور بدعنوانی کے جڑ سے خاتمے کے لیے یہ سسٹم دیگر محکموں میں بھی نافذ کیا جائے گا جس کے بعد تمام محکمے مکمل طور پر ای ٹینڈرنگ سسٹم کے تحت ٹھیکے دینے کے پابند ہوں گے۔

**ڈاکٹر کامران علی افضل**

چیف سیکرٹری پنجاب



شفافیت ،بہتر سروس ڈلیوری ،کاروبار کے لیے آسان مواقع اور دفتری معاملات میں پیپر ٹرینڈ کو کم کر کے ڈیجیٹائزیشن کی طرف موڑنا حکومت پنجاب کا اہم منشور ہے ۔اسی مقصد کو کامیابی تک پہنچانے کے لیے محکمہ بلدیات پنجاب نے "ڈیجیٹائزیشن سکیم" کا آغاز کیا ہے۔جس کے تحت پنجاب کی تمام مقامی حکومتوں کو مینوئل موڈ آف ورکنگ سے آٹومیشن میں تبدیل کیا جا رہا ہے ۔پنجاب میں پہلی بار شفافیت کا اعلیٰ معیار قائم کرنے اور گورننس میں بہتری کے لیے **""ای ٹینڈرنگ سسٹم"** متعارف کروایا گیا ہے۔اس سلسلہ میں محکمہ پہلے مرحلہ میں 5 کروڑ روپے اور اس زائد مالیت کے ترقیاتی منصوبہ جات کے لیے آن لائن ٹینڈرز وصول کرے گا جبکہ اگلے مرحلے میں تمام ترقیاتی منصوبہ جات کے لیے ٹینڈرز آن لائن وصول کیے جائیں گے۔ "ای ٹینڈرنگ سسٹم" سے ٹھیکیداران دنیا کے کسی بھی خطہ سے ٹینڈرنگ کے عمل میں شامل ہو سکتے ہیں اس نظام سے نا صرف ٹھیکیداران کے مابین مقابلے کی فضاء قائم ہو گی بلکہ سرکاری مشینری کی صوابدید بھی ختم ہو گی۔ای ٹینڈرنگ کے نظام کو مکمل طور پر کامیاب بنانے کے لیے صوبائی سطح پر مرکزی ڈیش بورڈ بھی قائم کیا جا چکا ہے جبکہ ٹھیکیداران کی سہولت کیلئے ہیلپ لائن **042-9903190** بھی فعال کر دی گئی ہے۔

**نورالامین مینگل**

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ،حکومت پنجاب

# اہم ہدایات

## رجسٹریشن سے پہلے براہ کرم درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیں

1- ٹینڈرز میں شرکت کے لیے ٹھیکیدار کو "Sign up" سے "E-Tendering System" میں اکاؤنٹ بنانا ہوگا

2- اکاؤنٹ بنانے کے لیے درست شناختی کارڈ، رابطہ نمبر اور ای میل آئی ڈی درج کریں "Sole Proprietor" کی صورت میں "Owner" اور پارٹنرشپ یا پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کی صورت میں "Authorised Person" کی معلومات مہیا کریں

3- شناختی کارڈ بطور "Username" استعمال کیا جائے گا اور اسے کسی بھی مرحلے میں تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔ غلط معلومات کی صورت میں درخواست مسترد کر دی جائے گی

4- "Mobile Number" اور "Email ID" کی تصدیق کے لیے OTP (ون ٹائم پن) بھیجی جائے گی

5- "Strong" پاس ورڈز کا استعمال کریں۔ پاس ورڈ کو باقاعدہ وقفوں سے تبدیل کرتے رہیں

6- پاس ورڈ کبھی بھی قابل رسائی جگہ پر نہ لکھیں

7- PEC لائسنس نمبر ایک اکاؤنٹ میں منسلک ہو جائے تو اسے کسی دوسرے اکاؤنٹ کے ساتھ دوبارہ نہیں بنایا جا سکے گا

8- محکمہ بلدیات کال، ایس ایم ایس یا ای میل کے ذریعے آپ کی ذاتی معلومات (پاس ورڈ "OTP"، بولی کی قیمت یا ڈیبٹ کارڈ وغیرہ کی معلومات) کبھی نہیں پوچھے گا۔ **برائے مہربانی ایسی تفصیلات کسی کو ظاہر نہ کریں**

## بیانِ حلفی (Declaration)

1- میں پاس ورڈ کی حفاظت اور راز داری کے لیے مکمل طور پر ذمہ دار ہوں گا

2- میں کسی بھی وجہ یا کسی بھی طریقے سے کسی دوسرے فرد، فرم یا ٹھیکیدار وغیرہ کو اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم نہیں کروں گا

3- محکمہ بلدیات میری لاپرواہی کی وجہ سے میرے اکاؤنٹ کے کسی بھی غلط استعمال کا ذمہ دار نہیں ہے

**میں نے اوپر دی گئی ہدایات کو بغور پڑھا ہے اور میں اس پر عمل درآمد کرنے پر متفق ہوں۔ میں اس پالیسی کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے اکاونٹ کے غلط استعمال کا ذمہ دار ہوں گا اور مجھے محکمہ کے خلاف قانونی کاروائی کا کوئی حق حاصل نہیں ہوگا**


# فہرست


| | |
|---|---|
| ویب سائٹ تک رسائی کا طریقہ | 10 |
| ٹھیکیدار سائن اپ | 10 |
| OTP کی تصدیق | 10 |
| Login کرنیکا طریقہ کار | 11 |
| رجسٹریشن کے لیے درخواست | 12 |
| فرم کی تفصیلات | 12 |
| رجسٹریشن کی تفصیلات | 13 |
| منسلکات (Attachments) | 13 |
| نئے ٹینڈر نوٹس | 15 |
| سکیم/کام کی تفصیلات | 15 |
| ٹینڈر فیس | 16 |
| Earnest Money | 17 |
| بولی جمع کرانے کا طریقہ | 17 |

## ویب سائٹ تک رسائی کا طریقہ کار

ویب سائٹ دیکھنے کے لیے صارف کے پاس انٹرنیٹ کنکشن کا ہونا ضروری ہے۔ ایپلیکیشن کو Internet Browser کی مدد سے کھولا جا سکتا ہے۔
برائے مہربانی آن لائن ٹینڈر جمع کروانے کے لیے نیچے دیئے گئے لنک پر کِلک کریں


**https://elgcd.punjab.gov.pk/login**




## ٹھیکیدار سائن اپ


براہ کرم سسٹم میں لاگ ان ہونے کے لیے اپنے آپ کو رجسٹر کریں اور سائن اپ پر کِلک کریں

1- **First Name**: اپنا پہلا نام درج کریں
2- **Last Name**: اپنا آخری نام درج کریں
3- **Email Address**: ایک درست ای میل درج کریں
4- **Mobile No**: ایک درست موبائل نمبر درج کریں
5- 13 ہندسوں پر مشتمل **CNIC** نمبر درج کریں (بغیر ڈیش کے)
6- **Contractor Type**: کانٹریکٹر کا انتخاب کریں
7- **Password** درج کریں
8- **Confirm Password**: پاس ورڈ کی دوبارہ تصدیق کریں
9- **Sign up** بٹن: "سائن اپ" پر کلک کریں




## OTP کی تصدیق


1- **OTP Code**: اپنے موبائل نمبر یا ای میل پر بھیجا گیا کوڈ درج کریں
2- **OTP Verify**: کی تصدیق کریں
3- **OTP Resend**: اگر **OTP** موصول نہیں ہوا تو **Resend OTP** پر کلک کریں




# Login کرنے کا طریقہ کار

1- www.elgcd.punjab.gov.pk کو براؤزر پر درج کریں

2- اپنا درست username اور Password درج کریں





3- Update : معلومات کو اپڈیٹ کرنے کے لیے آئیکن پر کلک کریں




4- Update Password : پاس ورڈ تبدیل کرنے کے لیے

"Update Password" آئیکن پر کلک کریں





5- E-Tendering آئیکن پر کلک کریں



# رجسٹریشن کے لیے درخواست

**Apply for Registration**: رجسٹریشن کرنے کے لیے بٹن دبائیں




# فرم کی تفصیلات

1- **Firm Type**: فرم کی قسم منتخب کریں

2- **Firm Name**: فرم کا نام درج کریں

3- **Official Email ID**: فرم کا ای میل درج کریں

4- **Official Phone No**: فرم کا فون نمبر درج کریں

5- **Province**: فرم کا صوبہ منتخب کریں

6- **District**: فرم کا ضلع منتخب کریں

7- **Address**: فرم یا کمپنی کا پتہ درج کریں


8- **Authorised Person Type**: مجاز شخص کی قسم منتخب کریں

9- **Name**: پہلے سے موجود ہوگا

10- **CNIC**: پہلے سے موجود ہوگا

11- **Mobile No**: پہلے سے موجود ہوگا

12- **E-mail**: پہلے سے موجود ہوگا



# رجسٹریشن کی تفصیلات

1- **Category PEC**: فرم کی **PEC** کیٹیگری منتخب کریں

2- **License Number PEC**: فرم کا **PEC** لائسنس نمبر درج کریں

3- **City of Issuance**: فرم کا **PEC** لائسنس جاری کرنے کا شہر منتخب کریں


4- **License Issuance Date PEC**: کیلنڈر سے لائسنس کے اجراء کی تاریخ منتخب کریں

5- **License Validity PEC**: کیلنڈر سے لائسنس کے میعاد کی تاریخ منتخب کریں

6- **NTN** نمبر: فرم کا **NTN** نمبر درج کریں

7- **PRA** نمبر: فرم کا **PRA** نمبر درج کریں

8- **Code**: فرم کا "**Specialization Code**" کوڈ منتخب کریں۔
اس کوڈ کو دھیان سے منتخب کریں۔ اسی کی بنا پر آپ ٹینڈر میں حصہ لے سکیں گے




## منسلکات (Attachments)

1- **CNIC Copy**: قومی شناختی کارڈ کی تصویر منتخب کریں

2- **PEC Attach Licence (Back/Front) Copy**: "**License PEC**" کی تصویر منتخب کریں

3- **NTN Certificate** : NTN سرٹیفکیٹ کی تصویر منتخب کریں

4- **PRA Certificate** : PRA سرٹیفکیٹ کی تصویر منتخب کریں


5- **Registration Certificate** : رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی تصویر منتخب کریں

6- **Declaration** : چیک باکس پر نشان لگائیں


7- **Submit** : بٹن دبائیں

8- **Proceed** : اگر آپ کی درخواست درست ہے تو پروسیڈ بٹن پر کلک کریں

9- **Stay Here** : اگر آپ آگے نہیں بڑھنا چاہتے تو ''**Stay Here**'' بٹن پر کلک کریں یہ آپ کو پچھلے صفحے پر واپس لے جائے گا




• درخواست جمع کرانے کے بعد ''**Pending**'' اور مجاز اتھارٹی سے درخواست منظور ہونے پر ''**Approved**'' ظاہر ہوگا





| Sr # | Name | CNIC | Phone | PEC Category | PEC Number | PEC Validity | NTN No. | PRA No. | Submit Date | Last Action Date | Status | Actions |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Hassan | 00000-0000000-0 | 03214504424 | C-4 | 22217 | 01/09/2024 | 33425675676 | 445566343 | ---- | ---- | Approved | \| |

# نئے ٹینڈرز میں شامل ہونے کا طریقہ کار

1- درخواست منظور ہونے کے بعد صارف اپنی شائع ہونے والے تمام متعلقہ ٹینڈرز کو دیکھیں گے

2- ٹینڈر کی تفصیلات دیکھنے کے لیے New Tender Notice پر کلک کریں




| Sr # | Name | CNIC | Phone | PEC Category | PEC Number | PEC Validity | NTN No. | PRA No. | Submit Date | Last Action Date | Status | Actions |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Hassan | 00000-0000000-0 | 03214504424 | C-4 | 22217 | 01/09/2024 | 33425675676 | 445566343 | ---- | ---- | Approved | \| |

3- نئے ٹینڈرز کی تفصیل کیلئے www.lgcd.punjab.gov.pk پر E-Tendering کے بٹن سے دیکھی جاسکتی ہے


4- نئے ٹینڈر نوٹس کی تفصیلات www.elgcd.punjab.gov.pk پر Public Tender کے بٹن سے دیکھی جاسکتی ہے

# سکیم / کام کی تفصیلات

1- Not Eligible: کام فرم کے معیار سے زیادہ قدر کا ہو تو Not Eligible کا بٹن نظر آئے گا

2- Download Quantity Of Bill: BOQ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بٹن پر کلک کریں

3- Apply bid: بولی کے لیے درخواست دینے کے لیے آئیکن پر کلک کریں




| Sr # | Work ID | Name of Work | PEC Category | Tender Fee (Rs.) | Esimated Coast (Rs.) | Techincal Sanctioned No. | Techincal Sanctioned Date | Earnest Money (Rs.) | Bidding Document | Action |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 525-2021-006/1 | Road Construction | C-4 | 10,000 | 106,989,300 | 123 | Sep 12, 2021 | 2,139,786 | Tender Document | |
| 2 | 525-2021-006/2 | 2222 | C-4 | 5,555 | 115,500,000 | 1222 | Sep 12, 2021 | 2,310,000 | Tender Document | |

4- Acknowledgement: شرائط کو تسلیم کرنے کے لیے چیک باکس پر نشان لگائیں

5- Apply Now: اگر آپ درخواست جمع کرانا چاہتے ہیں تو بٹن پر کلک کریں

6- **Cancel**: اگر آپ درخواست دینے میں دلچسپی نہیں رکھتے تو کینسل کا بٹن دبائیں

**Terms & Condition**

**Instructions**
sdfsd

**General Conditions**
sdfsd

☑ I acknogwledge that i have read, and do hereby accept the terms and conditions of participating in E-Tendering Process.

Cancel | Apply Now

7- **Work Detail** سیکشن میں ٹینڈر کے کام کی تفصیلات دیکھیں

**Work Detail (557-2021-001/1)**

| | | | |
|---|---|---|---|
| GS No.<br>**2874** | Name of Work<br>**CONST./REHABLITIATION OF ROAD SATELLITE TOWN JHANG SADAR.** | | |
| District<br>**Select District of the scheme** | Scheme Address<br>**SATELLITE TOWN JHANG SADAR** | Estimated Coast (Rs.) 50.000 Millions<br>**50,000,000** | Duration (Months)<br>**36** |
| Technical Sanctioned No.<br>**SE/LG&CD/5(19)/2021-22** | Technical Sanctioned Date<br>**20/07/2021** | Earnest Money (Percentage)<br>**2%** | Earnest Money (Rs.)<br>**1,000,000** |
| Tender Issuance Fee (Rs.)<br>**10,000** | PEC Category*<br>**C-5** | Performance Guarantee (Percentage)<br>**5%** | |
| Specialization Code | | | |

# ٹینڈر فیس

1- **Download Challan**: بینک چالان ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بٹن پر کلک کریں
پرنٹ شدہ چالان بینک میں جمع کروائیں

2- **Deposit Date**: ڈپازٹ کی تاریخ منتخب کریں

3- **Bank Name**: متعلقہ بینک منتخب کریں

4- **Name/Branch Code**: برانچ کا نام منتخب کریں

5- **Slip No**: پرچی پر بینک کا درج شدہ نمبر کا اندراج کریں

6- **Attach Tender Processing Fee Challan**: بینک چالان کی تصویر لگائیں

**Tender Processing Fee** (621-2021-002/1)

Deposit Date* | Bank Name*: Select Bank | Branch Code/Name*: Select Bank Code/Name

Bank Deposit Slip No.*

Attach Tender Processing Fee Challan Copy* | Download Challan

Drop image here or click to browse

## Earnest Money/ زربیانہ

1- Deposit Date: ڈپازٹ کی تاریخ منتخب کریں
2- Bank name: متعلقہ بینک کا نام درج کریں
3- Branch Address: بینک برانچ کا پتہ درج کریں
4- Draft Number: ڈرافٹ نمبر درج کریں
5- Draft Value: ڈرافٹ کی رقم درج کریں
6- copy Attach CDR: بینک CDR کی تصویر لگائیں

**Earnest Money (5%)** (CDR copy worth Rs. **2,500,000/-**)

Issuance Date*

Bank Name*
Select Bank

Branch Address*
Enter Branch Address

CDR Number*

CDR value (Rs.)*
CDR value must be equal or greater than Rs. 2,500,000/-

Attach CDR Copy*
Drop image here or click to browse

نوٹ: اصل سی ڈی آر اور ٹینڈر فیس ادا شدہ چالان بولی بند ہونے کے وقت سے پہلے خریداری ایجنسی کو جمع کرانا ہوگا

## بولی جمع کرانے کا طریقہ

1- Bid Method: متعلقہ آپشن منتخب کریں
2- Percentage Value: مناسب Bid Value درج کریں


% Above / Below Method

| Sr # | Description | Unit | Quantity | Amount (Rs.) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Base Work | SFT/100 | 100 | xxx |
| 2 | Maintence Work | RFT/100 | 200 | xxx |
| **Estimated Total** | | | | 200,0000 |
| **5% PST** | | | | 10,0000 |
| **2% Contingency** | | | | 4,0000 |
| 0% Below | | | | 6 |
| **Net Total** (This amount is exclusive of taxes.) | | | | 188,000 |

- In case, I am qualified as a successful bidder, I am bound to submit following **Call Deposit Receipt (CDR)/Bank Guarantee** from Scheduled Bank within 15 Days after Issuance of Letter of Acceptance (LOA);
- Additional Performance Security (6% of Bid amont): Rs. 11,280/-* (Applicable due to Bid quote rate is 5% or more below)

نوٹ: اگر بولی کی قیمت 5 فیصد سے کم ہے تو کامیاب بولی دہندہ کو LOA کے اجراء کے 15 دنوں کے بعد اضافی کارکردگی کی سیکورٹی جمع کرانی ہوگی

3- **Apply** یا **Cancel** کا بٹن ڈیکلریشن چیک باکس پر نشان لگانے کے بعد ظاہر ہوگا





4- **Apply**: بولی جمع کرانے کے لیے بٹن پر کلک کریں

5- صارف کو رجسٹرڈ موبائل نمبر پر ایک **OTP** موصول ہوگا


6- موصول شدہ **OTP** کوڈ فیلڈ میں درج کریں

7- **Proceed**: درخواست کو آگے بڑھانے کے لیے بٹن پر کلک کریں۔ درست **OTP** درج کریں اور بٹن دبائیں




8- **Go Back**: بٹن پر کلک کریں اگر بولی دہندہ ٹینڈر کی درخواست جمع نہیں کراتا

9- بولی جمع کرانے پر کامیابی کا پیغام دکھایا جائے گا



| | | |
|---|---|---|
| زیرِسرپرستی: | میاں محمود الرشید | وزیر برائے مقامی حکومت وسماجی ترقی،حکومت پنجاب |
| | نورالامین مینگل | سیکرٹری محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی،حکومت پنجاب |
| مصنفین: | مسرت جبین | سپیشل سیکرٹری محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی،حکومت پنجاب |
| | مہر شاہد زمان | ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی،حکومت پنجاب |
| | ساجد لطیف | ڈائریکٹر ای گورننس، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ |
| معاونین: | رائے یاسر فرہاد | ڈپٹی سیکرٹری محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی،حکومت پنجاب |
| | گوہر ایوب | ٹیم لیڈر جی آئی زیڈ، معاونت برائے مقامی انتظام کاری پروگرام |
| | ارم بی بی | پبلک ریلیشنز آفیسر مقامی حکومت وسماجی ترقی،حکومت پنجاب |
| ٹیکنیکل ایڈوائزر: | خالد حسینی | ایگزیکٹو انجینئر فیصل آباد، محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی حکومت پنجاب |
| | محمد عدنان | سسٹم نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی حکومت پنجاب |
| | مریم زیب | سینئر پروگرام منیجر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ |
| ٹیکنیکل ٹیم: | محمد طاہر شیخ | ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹر جنرل ایم آئی |
| | مدثر افضل | اسسٹنٹ انجینئر محکمہ مقامی حکومت وسماجی ترقی حکومت پنجاب |
| | ارسلان عزیز | پراجیکٹ کوآرڈینیٹر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ |

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

Implemented by
giz Deutsche Gesellschaft für Internationale Zusammenarbeit (GIZ) GmbH

پنجاب لوکل گورنمنٹ اینڈ
کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ

مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے **042-99030190** پر رابطہ کریں

www.lgcd.punjab.gov.pk   lgcdpunjab